
۱۰

# آم

ماخوذ

**پہلی بات :** اُردو کے مشہور شاعر مرزا غالبؔ ایک مرتبہ مغل شہنشاہ بہادر شاہ ظفرؔ کے ساتھ ان کے باغ میں چہل قدمی کررہے تھے۔ بہادر شاہ نے دیکھا کہ غالبؔ درختوں پر لگے آموں کو غور سے دیکھ رہے ہیں۔ بادشاہ نے وجہ دریافت کی تو غالبؔ نے کہا، حضور! سنا ہے دانے دانے پر کھانے والے کا نام لکھا ہوتا ہے۔ میں دیکھ رہا ہوں کسی آم پر میرا بھی نام لکھا ہوا ہے یا نہیں۔ بادشاہ نے غالبؔ کا منشا سمجھ لیا اور خادم کو حکم دیا کہ آموں کے چند ٹوکرے غالبؔ کے گھر بھجوا دیے جائیں۔ ذیل کی نظم میں آم کی خوبیاں بیان کی گئی ہیں۔



دیکھیے کتنا سر بلند ہے آم    جس کو دیکھو، اُسے پسند ہے آم
اس کو چکھے اگر کوئی بے شک    ہونٹ چاٹا کرے قیامت تک
جتنے میوے ہیں سب کا ہے سردار    اس کو کہتے ہیں رونقِ بازار
اس کے رس کی ہو پوچھتے کیا بات    ہے قلاقند اس کے آگے مات
کیسی اچھی ہے آم کی بُو باس    شہد کو پیچھے پھینکتی ہے مٹھاس
دودھ اور شہد کی ہے یہ تھیلی    ہو نہیں سکتی جو کبھی میلی
آم کی قسم اور مزے ہیں جدا    کوئی میٹھا ہے، کوئی کھٹ میٹھا
رنگ دیکھو تو کیسے گہرے ہیں    سبز ہیں، زرد ہیں، سنہرے ہیں
گویا جنت سے آم آیا ہے
آم ، کوثر کا جام آیا ہے

**خلاصہ :** آم کو پھلوں کا راجا کہتے ہیں۔ اس نظم میں شاعر آم کی تعریف بیان کررہا ہے۔ آم عوام اور خواص کا سب سے زیادہ پسندیدہ پھل ہے کیونکہ یہ بازار کی رونق اور پھلوں کا سردار ہے۔ اس کی مٹھاس کا یہ حال ہے کہ جو کوئی ایک بار چکھ لے دیر تک اپنے ہونٹ چاٹتا رہے۔ آم کی مٹھاس اور رسیلا پن ایسا ہے کہ اس کے آگے قلاقند مٹھائی پھیکی پڑ جائے۔ اس کی خوشبو اور ذائقہ ایسے ہیں کہ شہد پیچھے رہ جائے۔ آم دودھ اور شہد کے ذائقوں کی تھیلی ہے۔ شاعر آم کی مختلف اقسام کا ذکر کرتا ہے کہ کوئی میٹھا ہے، کوئی کھٹ میٹھا، کوئی گہرا سبز ہے تو کوئی سنہرا اور زرد۔ شاعر مبالغے سے کام لے کر آم کو جنتی پھل اور اس کے ذائقے کو جنت کی نہر کوثر کے پانی جیسا قرار دیتا ہے۔

## معانی و اشارات

سربلند - بلند مرتبہ Eminent


قلاقند - ایک قسم کی مٹھائی Sweet

کوثر - جنت کی ایک نہر A stream in paradise

## مشق

◌ نظم 'آم' پڑھ کر شبکی خاکہ مکمل کیجیے۔

**Complete the web.**




◌ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

**Answer in one sentence.**

۱۔ شاعر نے آم کو سربلند کیوں کہا ہے؟

۲۔ شاعر نے آم کی خوبیوں کو کن لفظوں میں بیان کیا ہے؟

۳۔ شاعر نے آم کی مٹھاس کو کن چیزوں سے تشبیہ دی ہے؟

۴۔ شاعر نے آم کی کون کون سی قسمیں بتائی ہیں؟

۵۔ میوے کا سردار کون ہے؟

۶۔ آم کی بو باس کیسی ہے؟

۷۔ آم کو کوثر کا جام کیوں کہا گیا ہے؟

### ذرا غور کیجیے۔ Think carefully

◌ شاعر کے خیال میں آم کی مٹھاس جن چیزوں کو مات دیتی ہے ان کے نام لکھیے۔

**Write the names of those things that are lesser in sweetness than mango.**

### وسعت مرے بیاں کی Expansion of ideas

◌ درج ذیل اشعار کا مطلب لکھیے۔

**Explain the following couplets.**

کیسی اچھی ہے آم کی بو باس
شہد کو پیچھے پھینکتی ہے مٹھاس
گویا جنت سے آم آیا ہے
آم کوثر کا جام آیا ہے

### تلاش و جستجو Search

◌ نظم سے ان الفاظ کے ہم معنی تلاش کر کے لکھیے۔

**Write the synonyms of the following words from the poem.**

| شیرینی | خوشبو | شربت | بادشاہ | لب |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

◌ نظم سے ان الفاظ کی ضد تلاش کر کے لکھیے۔

**Write the antonyms of the following words from the poem.**

| اُجلی | کھٹاس | جیت | ناپسند | پست |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

### سرگرمی (Activity):

آم کی مختلف قسموں کے نام معلوم کر کے ان کی تصویریں جمع کیجیے۔

NCCQPQ